وشگفتگی کے جذبات کے پیدا ہونے سے [illegible] بدگمانی بلکہ بدعقیدگی کے پس منظر میں چلے جانے اور نام نہاد اسلامی انقلاب کو ہی سب کچھ سمجھ لئے جانے کے تناظر میں مؤلف نے ریاض کے امام محمد بن سعود یونیورسٹی کی خواہش اور اس کے نامور پروفیسر اور مشہور اسلامی اہل قلم ڈاکٹر عبدالحلیم عویس مصری کی تحریک پر عربی زبان میں کتاب لکھی تھی جس کو مذکورہ یونیورسٹی نے اور ڈاکٹر صاحب موصوف کے تجارتی مکتبہ دارالصحوہ قاہرہ نے ایک ساتھ ۱۹۸۹ء میں شائع کی تھی۔ زیر تبصرہ کتاب درحقیقت اس شہرہ آفاق کتاب کا ترجمہ ہے جس کا مضمون مولانا محمد عارف جمیل قاسمی مبارک پوری نے اردو کے سانچہ میں بڑی مہارت اور مشاقی کے ساتھ ڈھالا ہے اور کسی بھی لمحہ قاری اس کو کسی کتاب کا ترجمہ محسوس نہیں کرتا اور یہی مترجم کا کمال ہے۔

کتاب کی ابتداء میں عرض حال اور پیش لفظ کے بعد ص ۳۱ سے لے کر ص ۷۰ تک ایک معرکۃ الاراء مقدمہ ہے۔ جس کا مطالعہ کتاب کے باقی مباحث سمجھنے میں بہت ممد اور معاون ہے اس کے بعد نو (۹) جلی عنوانات ہیں، گویا یہ نو ابواب ہیں، ان کے ذیل میں مختلف ذیلی عنوانات ہیں بہترین طباعت خوبصورت کتابت اور اعلیٰ کاغذ نے کتاب کے ظاہری حسن کو بھی دوبالا کیا ہے۔ المختصر یہ معرکۃ الاراء شہرہ آفاق کتاب اس قابل ہے کہ ہر مسلمان گھرانے اور ہر لائبریری کی زینت بنے۔ (م۔اف)

رسالہ: المباحث الاسلامیہ (سہ ماہی)   رئیس التحریر: مولانا نصیب علی شاہ ہاشمی

زیر نگرانی: ڈاکٹر قبلہ ایاز   جامعۃ المرکز الاسلامی پاکستان۔ ڈیرہ روڈ بنوں

سہ ماہی مجلہ المباحث الاسلامیہ کا نقش اول ہمارے سامنے ہے، مضامین کے انتخاب کے اعتبار سے یہ انتہائی معیاری پرچہ ہے۔ جس میں جدید مسائل پر مشتمل علمی اور تحقیقی مضامین شامل ہیں، زیر تبصرہ مجلہ میں بعض مقالات کے عنوانات دیئے جاتے ہیں، تاکہ اس کا ایک اجمالی نقشہ متصور ہو جائے۔ (۱) عصر حاضر کا چیلنج اور علماء کی ذمہ داریاں (۲) حاصل کی تنفیذ اور اسلامی حکومت کے اختیارات (۳) تعزیر بالمال کی شرعی حیثیت (۴) فساد و عدم فساد سوم کا معیار (۵) کمیٹی رقوم جمع کرنے کی شرعی حیثیت (۶) وصیت بالاعضاء کی اسلامی حیثیت (۷) ہبہ کے معاملے میں قبضہ کی شرعی حیثیت پر فقہی بحث (۸) عورت کا بغیر محرم سفر حج وغیرہ

علاوہ ازیں ادارہ کی طرف سے جن موضوعات پر مقالہ جات و مضامین کو ترجیح دی جائے گی ان میں چند اہم عنوانات یہ ہیں جدید فقہی مسائل پر علمی و تحقیقی مباحث پیش کرنا۔ دورِ حاضر میں اجتماعی اجتہاد کے تصور کا علمی جائزہ امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا فقہی حل سودی آلائشوں سے پاک اسلامی مالیاتی نظام کا ممکنہ قیام طب جدید سے اعضاء کی پیوند کاری انسانی کلوننگ فقہی مواد کی تشکیل جدید مختلف عقود کے ضمن میں ربوا اور قمار کی موجودگی کی شرعی نقطہ نگاہ سے اسلامی